کورونا وائرس (COVID -19) اسٹریٹجک فریم ورک کی اپ ڈیٹ- جون 2021
(یہ معلومات اشاعت پر درست ہے۔ مزید معلومات پائی جاسکتی ہیں:
[Coronavirus in Scotland - gov.scot (www.gov.scot)](https://www.gov.scot)

چونکہ گزشتہ اسٹریٹجک اپڈیٹ فروری 2021 میں شائع کی گئی تھی، اب تک دو نمایاں پیشرفت ہوچکی ہیں جو کہ COVID-19 عالمی وبا کے ذریعہ ہمارے مستقبل کے راستے پر اثرانداز ہو سکتی ہیں۔ ایک ویکسینیشن سے متعلق ہے اور ایک کا تعلق تشویش کا باعث COVID-19 کی نئی قسم کے ابھرنے سے ہے- ڈیلٹا قسم۔ ویکسینیشن لینے کا عمل بے مثال رہا ہے، اور ویکسینیشنز سے COVID-19 سے ہونے والی بیماری اور اموات میں مسلسل کمی آئی ہے اور وائرس کی منتقلی میں بھی کمی آئی ہے۔ تاہم، ڈیلٹا قسم کی وجہ سے انفیکشنز میں اضافہ ہوا ہے، خاص طور پر غیر ویکسین شدہ آبادی میں۔ لہذا، ڈیلٹا قسم وائرس اور ہماری ویکسین کے درمیان دوڑ کی رفتار کو تیز کر رہی ہے۔

اگلے مراحل

ڈیلٹا قسم کے حوالے سے غیر یقینی حالات کے باوجود، کیسز، سنگین بیماری، ہسپتال میں داخلہ اور اموات کے درمیان تعلق کمزور ہوتا ہوا لگ رہا ہے اور COVID-19 کی وجہ سے لوگوں کے ہسپتال میں گزارے وقت کی طوالت میں کمی آرہی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ہم وائرس کو ادنی ترین ممکنہ سطح پر دبانے اور اسے وہاں محدود رکھنے کے لائحہ عمل سے ہٹ سکتے ہیں۔ اس کے بجائے، ہم اپنی کوششوں کو اپنے نظر ثانی شدہ اسٹریٹجک ارادہ پر مرکوز کر سکتے ہیں:
وائرس کو اس سطح تک دبانا جو اس کے نقصانات کو ختم کرنے سے ہم آہنگ ہو جبکہ ہم بہتر مستقبل کے لئے بحالی اور دوبارہ تعمیر کا کام کریں۔

فرض کرتے ہوئے کہ ویکسین کی اثرانگیزی نئی قسم کے خلاف جاری رہتی ہے، چونکہ ویکسین متعارف ہوگئی ہے زیادہ تر قواعد و ضوابط جو کہ COVID-19 ردعمل کے جز تشکیل دیتے ہیں کو ہٹا کر اب ہم آگے کی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔

ہمیں احتیاط کے ساتھ اپنی بقیہ پابندیاں اٹھانی چاہیئے جب حالات ایسا کرنے کے لئے ٹھیک ہوں۔ اور ہمیں اس پوائنٹ سے ماورا احتیاط پر عمل کرنا جاری رکھنا چاہیئے۔ حتی کہ وسیع پیمانے پر ویکسینیشن کے ساتھ، COVID-19 کی وجہ سے مستقبل میں خطرہ لاحق ہونے کا امکان ہے۔ کب سطح 0 سے آگے بڑھنا ہے اور گھریلو قانونی پابندیاں اٹھانی ہیں کا فیصلہ طبی مشورہ کی بنیاد پر مشروط طور پر بتایا جائے گا۔ یہ شرائط یقینی بنائیں گی کہ وائرس اسکاٹ لینڈ میں کافی حد تک کنٹرول میں رہے اور یہ کہ کافی زیادہ لوگ ویکسین کی دو خوراکوں سے محفوظ رہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ ہم اپنے نظر ثانی شدہ اسٹریٹجک ارادہ سے ہم آہنگ ہیں۔ فی الحال، وبا کی حالت کا ہمارا موجودہ تجزیہ ظاہر کرتا ہے کہ سطح 0 کی پابندیاں نہیں اٹھانی چاہیئے تاوقتیکہ کم از کم 40 سال سے بڑے تمام افراد ویکسین کی دونوں خوراکیں لے کے محفوظ ہو جائیں۔ ہم 9 اگست تک ایسا ہونے کی توقع کرتے ہیں- جس تاریخ سے ویکسین کی ماموَنی حفاظت مؤثر ہو جائے گی۔

بقیہ قانونی پابندیوں کے اٹھانے کے مرحلہ پر پہنچنا وبا کے خاتمہ کا اشارہ نہیں ہو گا۔ COVID-19 ایک مرض ہے جس کا ہمیں پیش بینی مستقبل میں بندوبست کرنا ہو گا۔ معمول کی طرف واپس آتے ہوئے ہم نے جو ترقی کی ہے اس کو برقرار رکھنے کے لئے، یہ اہم ہو گا کہ وائرس کو دوبارہ سر اٹھانے سے روکنے کے لئے اور ان لوگوں کے تحفظ کے لئے جنہیں ویکسین سے تحفظ نہیں ملا افراد، کاروباروں اور دیگر اداروں کو بنیادی اقدامات کے سیٹ پر عمل پیرا ہونا جاری رکھنا ہو گا۔

اگرچہ کچھ محدود قانونی پابندیاں ابھی بھی ضروری ہو سکتی ہیں، ذاتی ذمہ داری، اچھی پریکٹس اور باخبر فیصلے پر زیادہ زور دیا جائے گا۔ اس کا مطلب ہے کہ ہر کوئی اقدامات کر کے اپنا کردار ادا کرے گا جیسا کہ: مناسب ہواداری کو یقینی بنانا؛ ہاتھ کی اچھی صفائی قائم رکھنا؛ تنفس کی صفائی پر عمل کرنا؛ جب مناسب ہو چہرہ ڈھانپنا؛ اور

ہمارے ٹیسٹ اور پروٹیکٹ نظام کے ساتھ مصروف رہنا جاری رکھنا اور علامات پائی جانے پر یا ٹیسٹ مثبت آنے پر خود تنہائی اختیار کرنا۔ سطح 0 سے آگے زیادہ تر دفتر میں کام کی مرحلہ وار واپسی میں معاونت کے لئے ہم کاروبار کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔

تاہم، جہاں ممکن اور مناسب ہوا ہمارا ارادہ گھر سے کام کے لئے مسلسل حمایت کی حوصلہ افزائی کرنے کا ہے – نہ صرف وائرس کے مسلسل کنٹرول میں مدد کے لئے، بلکہ یہ وسیع بہبود کے مفاد میں بھی ہے۔ ہم پورے اسکاٹ لینڈ میں نئے کیسز کے پیٹرن کی نگرانی کرنا اور وبائی امراض کے انتظام کے لئے صحت عام کے اضافی مقامی اقدامات کی حمایت کرنا جاری رکھیں گے۔ پہلے کی طرح، مستقبل کے کسی بھی وبائی مرض کو کنٹرول کرنے کے لئے ہم مخصوص پابندیوں یا اعلی درجے کے عمومی حفاظتی اقدامات کا اطلاق کریں گے۔

سطح 0 سے آگے بیرون ملک سفر پر پابندیاں قائم رہنے کا امکان ہے۔ تاہم، ہم پابندیاں صرف اس وقت تک برقرار رکھیں گے جب تک ضروری ہوا اور وائرس کی درآمدگی کے خطرہ کے ردعمل کے لئے متناسب ہوا۔

جسمانی فاصلے کا جائزہ

جسمانی فاصلے کے اقدام پر عمل کرنے کے لئے کاروبار، ٹرانسپورٹ، تعلیم اور دیگر اداروں کو نمایاں قربانیاں دینی پڑیں۔ حالیہ جائزے کے بعد، ہم جسمانی فاصلے کے تقاضوں کو محتاط انداز میں نرم کریں گے، تاکہ معیشت اور معاشرہ کم پابندیوں کے طریقے سے چلنے کے قابل ہو، جیسا کہ ذیل میں طے کیا گیا ہے۔ جدول سطح 0 تک اور اس سے آگے بڑھنے کی اہم اشاراتی تاریخوں کو ظاہر کرتا ہے۔ ہمارے نظر ثانی شدہ اسٹریٹیجک ارادہ سے ہم آہنگ، اگر ڈیٹا اس کے ضروری ہونے کی نشاندہی کرتا ہے تو ہم ان تاریخوں کو آگے پیچھے کر سکتے ہیں۔

جدول: پابندیاں نرم کرنے کے لیے اشاراتی نظام الاوقات

تاریخ	سطحوں کی پابندیاں	جسمانی فاصلہ
19 جولائی اس تاریخ سے آگے وبا کے جائزے سے مشروط	تمام علاقوں کو سطح 0 پر منتقل کریں	آوٹ ڈورز کو 0 میٹر تک کم کریں ان ڈورز کو 1میٹر تک کم کریں[1]
9 اگست 40 سے زائد کی مکمل ویکسینیشن اور اس تاریخ سے آگے وبا کے جائزے سے مشروط	تمام علاقوں کو سطح 0 پر منتقل کریں (سطحوں کی پابندیاں اٹھا لی گئیں)	تمام جسمانی فاصلے کے ضوابط اٹھا لئے گئے

[1] یہ اندرونی عوامی سیٹنگوں کے لحاظ سے ہے۔ 19 جولائی سے، تمام اندرونی عوامی سیٹنگز میں ڈیٹا کو اس کی معاونت کرنی چاہیئے، لوگ اجتماعات میں مقررہ تعداد اور گھرانوں کی حد کا احترام کرتے ہیں ان کے اجتماع/گروپ کے اراکین کے لیے اب مزید جسمانی فاصلہ درکار نہیں ہوگا، لیکن تمام کو دوسروں سے کم از کم 1 میٹر کا فاصلہ برقرار رکھنے کی ضرورت ہوگی۔

موجودہ رہنمائی (مجوزہ حدود کے اندر) اجازت دیتی ہے کہ نجی رہائش گاہ، یا باغ میں اندرون خانہ سوشل ہوتے ہوئے، جسمانی فاصلہ برقرار رکھنا اب مزید ضروری نہیں ہے۔